جناب محترم ....

...... یہ ایک پائیدار کام ہے۔ اور انشاءاللہ اس میں بنی نوع انسان کی ترقی ہو گی، روحانی و معاشی دونوں
رسالے میں خوب لکھا ہے کہ اعجاز قرآن صرف فصاحت نہیں بلکہ وہ حکمت عملی ہے جو فلاح دنیوی بھی پیش نظر رکھتی ہے۔
بشرط استطاعت آپ کے رسالے کے لئے کچھ پیش کروں گا۔

اجمل

۱۷ شیر شاہ میں نئی دہلی

محترم ......

..... بندہ کو شاہ صاحب کی تعلیمات اور ان کے فلسفے سے پرانی دلچسپی ہے۔ اور ان کی شخصیت سے خاص
شغف ہے۔ میں نے انفرادی طور پر اس سلسلے میں جزوی تحقیق کا کام شروع کر رکھا ہے۔ اور یہ انشاءاللہ جاری رہے
گا۔ حسب ذیل امور زیر تحقیق ہیں۔

۱- شاہ صاحب اور تراجم قرآن (۲) شاہ صاحب اور علوم قرآن (الفوز الکبیر زیر بحث ہے) (۳) عالمگیرؒ
اور شاہ عبدالرحیم (۴) شاہ صاحب کا سلسلۂ تلمذ (۵) نیز شاہ صاحب کا رسالہ "الارشاد الی مہمات الاسناد" دوبارہ
صحت کے ساتھ مرتب کر رہا ہوں۔ جن علماء کے تراجم پہلے ایڈیشن میں درج نہیں ہو سکے، اس میں ان کا اضافہ
کر رہا ہوں۔

محمد عبدہ

جامعہ محمدیہ اوکاڑہ

باسمہ تعالیٰ

مکرمی!

سلام مسنون۔ "الرحیم" کا پہلا پرچہ موصول ہوا۔ ممنون ہوں۔ شاہ ولی اللہؒ اکیڈمی کا قیام اور "الرحیم"
کا اجراء یقیناً ایک نیک فال ہے۔ دعا ہے کہ یہ اقدام امت مسلمہ کے لئے باعث خیر و برکت ہو۔ خدا کرے کہ "الرحیم"
کے ذریعہ مسلمانوں کو از سر نو فکر و عمل کے صحیح قالب نصیب ہوں اور اکیڈمی کے ارباب بست و کشاد اور ان کے ہم